6جون2016ء

اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک کے دوران دفتری وکاروباری اوقات کا اعلان کردیا

رمضان المبارک 1437 ہجری کے دوران اسٹیٹ بینک آف پاکستان، اور تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائیکروفنانس بینک ان دفتری اوقات کار پر عمل کریں گے، پیر تا جمعرات صبح 8 بجے تا دوپہر سوا دو بجے تک بلا وقفہ، جبکہ جمعے کو دفتری اوقات صبح 8 بجے تا دوپہر ایک بجے تک بلا وقفہ ہوں گے۔

تاہم عوام سے کاروباری لین دین کے (بینکاری) معمولات کے اوقات پیر تا جمعرات صبح 8 بجے تا دوپہر پونے دو بجے تک بلا وقفہ ہوں گے، جبکہ جمعے کو عوام سے کاروباری لین دین کے (بینکاری) معمولات کے اوقات صبح 8 بجے تا دوپہر ساڑھے بارہ بجے تک بلا وقفہ ہوں گے۔

رمضان المبارک کے بعد یہ اوقات کار دوبارہ اپنے سابقہ معمول پر آجائیں گے۔

****